# 504 سہولیات: طالب علم اور اہل خانہ رہنما کتابچہ

بحالی ایکٹ 1973 کا سیکشن 504 ، سرکاری اسکولوں سے معذوری کے حامل اہل طلباء کو سہولیات فراہم کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ یہ سہولیات خصوصی ضروریات کے حامل طلباء کو نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) کے پروگراموں اور سرگرمیوں میں ان ساتھیوں کے ساتھ برابری کی بنیاد پر حصہ لینے میں مدد کرتی ہیں جنہیں کوئی معذوری نہیں ہے۔ یہ رہنما کتابچہ واضح کرتا ہے کہ کون سہولیات کا اہل ہے، درخواست کس طرح دی جائے، اور سہولیات کے منصوبے کیسے تشکیل دیے جاتے ہیں۔

محکمۂ تعلیم کے پروگرام یا سرگرمی کا مطلب وہ پروگرامز اور غیر نصابی سرگرمیاں ہیں جو محکمۂ تعلیم کے کفالت کردہ ہیں، بشمول PA/PTA کے کفالت کردہ محکمۂ تعلیم کی عمارت کے اندر بعد از اسکول پروگراموں یا غیرنصابی سرگرمیوں کے۔

سیکشن 504 کے بارے میں مزید جاننے کے لیے محکمۂ تعلیم کے [504 سہولیات ویب پیج]() یا اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار سے رابطہ کریں

## کن طلباء کو 504 سہولیات کے لیے اہل قرار دیا جاتا ہے؟

طلباء اہل قرار دیے جاتے ہیں اگر:

1. وہ کسی جسمانی یا ذہنی نقص کے حامل ہیں؛ اور
2. اس نُقص سے زندگی کی کم از کم ایک بڑی سرگرمی کافی حد تک محدود ہو جاتی ہے۔

### 1. جسمانی یا ذہنی نقائص

جسمانی یا ذہنی نقائص کی چند مثالیں جسمانی معذوریاں، طبی مسائل، ذہنی بیماریاں، اور سیکھنے میں معذوریاں، ہیں۔

کم مدتی یا کبھی کبھار پیش آنے والے نقائص کا کیا ہو گا؟

- کم مدتی نقائص (جیسے ٹوٹی ہوئی ایک ٹانگ) ایک طالب علم کو 504 سہولیات کا اہل بنا سکتے ہیں۔ ایسی سہولیات مختلف ہو سکتی ہیں اس کا دارومدار معذوری کب تک قائم رہتی ہے اور کس حد تک محدود کرتی ہے پر ہے۔
- وقفہ جاتی نقائص (جیسے دمہ) ایک طالب علم کو 504 سہولیات کے لیے اہل بنا سکتی ہیں۔ طلباءِ اہل ہوسکتے ہیں اگر ایک نقص فعال ہونے پر زندگی کی ایک بڑی سرگرمی کو کافی حد تک محدود کرتا ہے۔

### 2. زندگی کی بڑی سرگرمیوں کی مثالیں

- اپنی دیکھ بھال کرنا
- چلنا
- دیکھنا
- سننا
- گفتار
- سانس لینا
- اہم جسمانی اعمال انجام دینا
- کھانا کھانا
- سونا
- کھڑے ہونا
- وزن اٹھانا
- جھکنا
- مطالعہ
- توجہ مرکوز کرنا
- سوچنا
- بات چیت کرنا
- سیکھنا
- کام کرنا
- اپنے ہاتھ سے کام کرنا

ایک طالب علم کے 504 سہولیات کے اہل ہونے کے لیے ضروری نہیں کہ کافی حد تک محدود زندگی کی ایک اہم سرگرمی "تعلیم حاصل کرنا" ہی ہو۔

کیا آپ کے بچے کو کوئی ایک ایسا نقص ہے جو ان کی زندگی کی اوپر دی گئی کسی سرگرمی کو انجام دینے کی صلاحیت کو کافی حد تک محدود کرتا ہے؟ اگر ایسا ہے تو آپ کا بچہ سیکشن 504 کے تحت سہولیات کا اہل ہوسکتا ہے۔ اسکول میں ایک بار درست فارمز جمع ہو جانے کے بعد، ہر طالب علم کے معاملے کا انفرادی طور پر جائزہ لیا جاتا ہے۔

## سیکشن 504 کے تحت اہل طلبا کو کون سی سہولیات دستیاب ہیں، اور میں ان کے لیے کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

آپ کا بچہ سہولیات کا اہل ہو سکتا ہے۔ تمام فارمز کو محکمۂ تعلیم کے صحت کی خدمات یا 504 سہولیات کے ویب صفحات پر تلاش کیا جا سکتا ہے۔ آپ اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار سے بھی فارمز کی گزارش کر سکتے ہیں۔

504 سہولت اور 504 منصوبہ کی درخواست کرنے کے لیے ان **504 درخواست فارمز** کو اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار کے پاس جمع کروا دیں:

- صحت کی خدمات / سیکشن 504 سہولیات والدین فارم کی درخواست کے ساتھ HIPAA مختار نامہ (طالب علم کے والدین کے ذریعے مکمل کردہ)؛ اور
- طبی سہولیات کا درخواست فارم (طالب علم کے معالج کے ذریعے مکمل کیا جانا چاہئیے)۔

**تعلیمی اور دیگر سہولیات** ان طلباء کے لیے ہیں جنہیں عمارتی، کلاس روم کی یا امتحانی سہولیات درکار ہیں۔ مثال کے طور پر، سماعت میں دشواری والے طلبا کو استاد یا بلیک بورڈ کے قریب نشست کی ضرورت ہو سکتی ہے، یا کسی طالب علم کو امتحانات کے دوران وقفے یا اضافی وقت کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

دیگر سہولیات کی مثالوں میں معاونتی آلات، خاص فرنیچر، عمارتی مطابقت پذیری اور الیویٹر کا استعمال شامل ہیں۔ والدین کو چاہئیے کہ عمارت میں رسائی سے متعلق سوالات کے لیے محکمۂ تعلیم کے دفتر برائے طالب علم اندراج یا ضلع 75 کے ڈائریکٹر برائے تقرری سے رابطہ کریں۔

**معاون پیشہ وران** کا تقرر ان طلباء کے لیے کیا جاتا ہے جن کو اپنی معذوری کی وجہ سے کام کی انجام دہی میں معاونت کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ محکمۂ تعلیم کے پروگراموں اور سرگرمیوں تک رسائی حاصل کر سکیں۔ مثال کے طور پر: ایک ذیابیطس کا حامل طالبِ علم جو اپنے خون میں گلوکوز کی مقدار کی سطح کی جانچ خود نہیں کر سکتا ہے یا ایک ایسا طالبِ علم جسے کسی جسمانی یا فعلیاتی معذوری کی وجہ سے بیت الخلاء استعمال کرنے میں مدد کی ضرورت ہے۔

**نقل و حمل کی سہولیات**، جیسے سفر میں محدود وقت یا معاون پیشہ ورانہ مدد (اسکول بس میں انفرادی نگرانی کی فراہمی)، کا 504 ٹیم (طویل مدتی طبی حالت کے حامل طلباء کے لیے جس کا اثر ان کے عام ذرائع نقل و حمل استعمال کرنے کی قابلیت پر پڑتا ہے) یا محکمۂ تعلیم کے دفتر برائے طلباء نقل و حمل (عارضی طبی حالت یا مختصر یا طویل مدت کے لیے حرکت کرنے کی محدودیت کے حامل طلباء کے لیے) جائزہ لیتے ہیں۔ اضافی معلومات کے لیے براہِ کرم اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار سے رجوع کریں۔

**صحت کی خدمات** ان طلباء کے لیے ہیں جنہیں دوا لینے کی ضرورت ہے (جیسے ذیابیطس کے لیے انسولین یا دمہ کے لیے ان ہیلر) یا اسکول میں کوئی خاص نرسنگ علاج موصول کرنا۔ صحت کی خدمات کی درخوست دینے کے لیے، والدین کو طالب علم کے معالج کے ذریعے ذیلی فارمز مکمل کروا کے طالب علم کے اسکول میں اسکول نرس / طبی معاون کے پاس جمع کروانا ہوں گے۔

- دوائیاں دینے کا فارم (MAF) (دوائیاں دینے کے لیے) اور / یا
- طبی تجویز کردہ علاج فارم (غیر ادویاتی)۔

اگر 504 منصوبہ بھی درکار ہے تو والدین کو یہ 504 درخواست فارمز 504 رابطہ کار کے پاس جمع کروانا لازمی ہیں۔

## میرے سہولیات کی درخواست دینے کے بعد کیا ہوگا؟

والدین کے مکمل شدہ **504 درخواست فارمز** کو 504 رابطہ کار اور اسکول کی عمارت میں موجود اسکول نرس / طبی پیشہ ور کو ادویات / طبی علاج کے فارمز واپس کر دینے کے بعد: 504 رابطہ کار آپ کی ابتدائی درخواست کے 5 اسکول دنوں کے اندر آپ سے ملاقات کے لیے وقت طے کرنے کے لیے رابطہ کرے گا جو درخواست کردہ خدمات کی بنیاد پر، مکمل شدہ **504 درخواست فارمز** موصول ہونے کے 15 سے 30 اسکول دن میں ہونی چاہیئے۔ آپ اسکول میں قائم 504 ٹیم کا حصہ ہوں گے جو آپ کی درخواست پر اور آپ کے بچے کی دیگر متعلقہ معلومات پر بات چیت کے لیے ملاقات کرتی ہے اور فیصلہ کرتی ہے کہ آیا آپ کا بچہ سہولیات کا اہل ہے اور اگر ایسا ہے تو کونسی سہولیات موزوں ہیں۔

## ذیابیطس عارضی نگہداشت کا اجلاس

جتنی جلد ممکن ہو، اور 5 اسکول دن سے پہلے (تاوقتیکہ والدین کے شیڈول کی سہولت کے لیے اضافی وقت درکار ہو)، محکمۂ تعلیم کے ذیابیطس کے MAF کو وصول کرنے کے بعد، اسکول، کسی اسکول منتظم، 504 رابطہ کار، والدین، اسکول نرس اور اگر ممکن ہوا اسکول دفترِ صحت کے رکن، (مثلاً، برو نرسنگ ڈائریکٹر، نرسنگ نگران، ذیابطیس ٹیم رکن، صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ) کے ساتھ ملاقات منعقد کرے گا تاکہ ذیابیطس کا MAF مکمل ہو جانے اور نفاذ کے لیے تیار ہو جانے اور ایک حتمی 504 منصوبہ پر دستخط ہو جانے اور نافذ کر دیے جانے کے دوران طالب علم کی ضروریات پر بات چیت کی جاسکے، جیسے ہائپو اور ہائیپر گلائیسیمیا، خون میں گلوکوز کی نگرانی، انسولین دینا اور سہولیات جیسے اسکول دن کے دوران کھانے اور پانی تک رسائی کے لیے عملہ کی تربیت۔

مزید معلومات کے لیے [والدین کے لیے وسائل: محکمئہ تعلیم پبلک اسکولوں میں طلبا کے لیے ذیابیطس کی نگہداشت](https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/staying-healthy/diabetes) اور ذیا بیطس ویب پیج (https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/staying-healthy/diabetes) کا جائزہ مزید معلومات کے لیے لیں۔

## 504 سہولیات کے اجلاس ( "504 ٹیم اجلاس") میں کون شرکت کرتا ہے ؟

504 ٹیم کے اجلاس میں آپ اور وہ افراد شرکت کرتے ہیں جو آپ کے بچے کی صلاحیتوں کے بارے میں جانتے ہیں۔ وہ جائزہ لی جانے والی معلومات کو سجمھتے ہوں اور ان سہولیات کی اقسام کے بارے میں جانتے ہوں جو آپ کے بچے کی ضروریات کی تکمیل کر سکتی ہیں۔ 504 ٹیم کے اجلاس میں ذیل کے ہر زمرے میں سے کم از کم ایک فرد کو لازماً شامل کرنا چاہئیے جو ذیل کر سکتے ہوں:

- **آپ کے بچے کی قابلیت اور صلاحیتوں کے بارے میں بات کر سکیں۔** (مثال کے طور پر، آپ کے بچے کا استاد یا رہنما مشیر شرکت کر سکتے ہیں۔)
- **رپورٹ یا تشخیصات کی وضاحت کر سکیں۔** (مثال کے طور پر، اسکول کا سماجی کارکن یا نرس شرکت کر سکتے ہیں۔)
- **ان سہولیات کے بارے میں معلومات دے سکتے ہیں جو آپ کے بچے کی ضروریات کی تکمیل کر سکتی ہیں۔** (مثال کے طور پر، 504 رابطہ کار۔)

جہاں صحت کی خدمات کی درخواست کی گئی ہو، اسکول نرس، یا اسکول دفترِ صحت کا رکن (مثلاً۔ برو نرسنگ ڈائریکٹر، نرسنگ نگران، ذیابیطس ٹیم کا رکن، معالج) کا 504 ٹیم کا ایک رکن ہونا لازمی ہے۔

## اجلاس میں کن معلومات کا جائزہ لیا جاتا ہے؟

504 ٹیم مختلف وسیلوں سے معلومات کا جائزہ لے گی، جیسے آپ کے بچے کے امتحانات، مشاہدات، کام کے نمونے، رپورٹ کارڈز، اور طبی ریکارڈز۔ اس سے ٹیم کو آپ کے بچے کی قابلیت، کامیابیوں، طرزِ عمل، اور طبی ضروریات کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔ والدین اور اسکول کا عملہ کوئی بھی معلومات لا سکتے ہیں جو ان کے خیال میں بچے کی قابلیت اور ضروریات کی بہتر ترجمانی کرتی ہے۔

### آپ کے بچے کے ڈاکٹر کی جانب سے تشخیص اور تجاویز

آپ کے بچے کے ڈاکٹر کو طبی سہولیات کے درخواست فارم مکمل کرنا لازمی ہے۔ ڈاکٹر یہ تجویز کرسکتا ہے کہ اسکول کچھ سہولیات فراہم کرے۔ 504 ٹیم یہ فیصلہ کرے گی کہ آیا مجوزہ سہولیات مناسب ہیں، اور اگر ایسا ہے تو انہیں اسکول میں کس طرح فراہم کیا جائے۔

## اہلیت کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟

504 ٹیم اس پر غور کرے گی کہ آیا آپ کے بچے کی معذوری زندگی کی ایک اہم سرگرمی کو معقول حد تک محدود کرتی ہے۔ ٹیم یہ فیصلہ اس اجلاس میں جائزہ لی جانے والی معلومات کی بنیاد پر کرے گی اور آپ کے بچے کی معذوری کے بارے میں غور کرے گی کہ آیا اس سے آپ کے بچے کی اسکول میں کارکردگی یا حصہ لینے میں نمایاں اثر پڑ رہا ہے۔

مددگار تشریحات کے لیے اس کتابچے کے آخر میں فرہنگ الفاظ ملاحظہ کریں۔

## انفرادی تعلیمی پروگرام اور 504 منصوبے میں کیا فرق ہے؟

انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) ایک طالب علم کے لیے IEP کی ایک ٹیم تشکیل کرتی ہےجو معذوری کی 13 درجہ بندیوں میں سے ایک کا اہل ہوتا ہے (معذوری کے حامل افراد کی تعلیم کا ایکٹ اور نیویارک ریاست قانون کی تشریحات کے تحت) اور جسے اپنے تعلیمی اہداف کی تکمیل کے لیے خاص تدریسی اور / یا متعلقہ خدمات درکار ہیں۔ 504 سہولیات منصوبہ ("504 منصوبہ") معذوری کے حامل ایک ایسے اہل طالب علم کے لیے ہے جسے محکمۂ تعلیم کے پروگراموں اور سرگرمیوں تک رسائی کرنے کے لیے معاونت درکار ہے۔ IEPs اور خصوصی تعلیم کی کارروائی کے بارے میں مزید معلومات https://www.schools.nyc.gov/learning/special-education/the-iep-process/the-iep پر مل سکتی ہیں۔

جب ایک طالب علم کے پاس ایک IEP ہو تو 504 سہولیت اکثر IEP کے ذریعے فراہم کی جاتی ہیں۔ تاہم، ایک IEP کے ساتھ طلباء یا جن کی اس کے لیے تشخیص کی جارہی ہے جنہیں محفوظ طریقے سے اسکول میں شرکت کرنے کے لیے **صحت سے متعلقہ خدمات درکار ہیں،** IEP کے علاوہ، اسکول 504 ٹیم، طالب علم کی IEP ٹیم کے ساتھ مل کر ایک 504 منصوبہ تشکیل دے سکتے ہیں جو چانسلر کا ضابطہ A-710۔ سے مطابقت رکھتا ہو۔ ذیابیطس MAF کے حامل طلباء جنہیں ذیابیطس سے متعلق سہولیات درکار ہیں ان کے پاس IEP کے علاوہ ایک علیحدہ ذیابیطس 504 منصوبہ ہونا **ضروری** ہے۔

## کیا میرا بچہ 504 منصوبے کے ساتھ متعلقہ خدمات موصول کرسکتا ہے؟

عموماً محکمئہ تعلیم میں، جن طلباء کو متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے وہ یہ خدمات اپنے IEP کے ذریعے موصول کریں گے نہ کہ ایک 504 منصوبے سے۔ متعلقہ خدمات کی اہلیت کا تعین ایک انفرادی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ متعلقہ خدمات کی چند مثالیں، جسمانی علاج، گویائی علاج، اور باضابطہ مشاورتی خدمات، ہیں۔ اگر آپ کے بچے کو ان خدمات میں سے کسی کی ضرورت محسوس ہوتی ہے، تو عام طور پر 504 ٹیم آپ کے بچے کو اسکول میں قائم IEP ٹیم یا کمیٹی برائے خاص تعلیم کے پاس بھیجے گی۔

## کیا میرے بچے کو صحتیاتی سہولیات کے لیے ایک 504 منصوبہ درکار ہے؟

اسکول میں صحت سے متعلقہ خدمات کے ضرورت مند تمام طلباء کو 504 منصوبہ درکار نہیں ہوتا ہے۔ اگر آپ کے بچے کی صحت کی خدمات آپ کے بچے کی اسکول اور محکمۂ تعلیم پروگراموں اور سرگرمیوں میں ان کے غیر معذور ہمسروں کے مقابلے میں مساوی بنیاد پر شرکت کو متاثر نہیں کرتی ہیں تو ان کو 504 منصوبے کی ضرورت نہیں ہے۔ رہنمائی کے لیے اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار سے رابطہ کریں۔

- **مثال 1:** دن کے دوران ایک طالب علم کے پائوں کے انگوٹھے میں چوٹ لگی ہے اور نرس کے دفتر علاج کے لیے جاتا ہے۔ انہیں کسی دیگر معاونتوں یا سہولیات کی ضرورت نہیں ہے۔ .
  - **اس طالب علم کو 504 منصوبہ کی ضرورت نہیں ہے۔**
- **مثال 2:** اسکول دن کے دوران، ایک ذیابیطس کے حامل طالب علم کو تمام دن اپنے بلڈ گلوکوز کی نگرانی کرنی لازمی ہے، مخصوص اوقات میں انسولین لیتا ہے، اور بیت الخلا جانے کے لیے وقفوں کی ضرورت ہے اور اپنی ذیابیطس کے انتظام کے لیے گلوکوگان اور اسنیکس تک رسائی درکار ہے۔
  - **اس طالب علم کو 504 منصوبہ کی ضرورت ہے۔**

## میں صحت کی خدمات کے لیے کیسے درخواست کر سکتا ہوں؟

صحت کی خدمات ان طلباء کے لیے ہیں جنہیں دوا لینے کی ضرورت ہے (جیسے انسولین یا البیٹیرول) یا یہ اسکول میں کوئی خاص نرسنگ علاج موصلو کرتے ہیں۔ تمام فارمز کو محکمۂ تعلیم کے صحت کی خدمات ویب پیج پر تلاش کیا جا سکتا ہے۔ آپ اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار یا نرس/ طبی پیشہ ور سے بھی فارمز کی درخواست کر سکتے ہیں۔

صحت کی خدمات کی درخوست دینے کے لیے، والدین کو طالب علم کے معالج کے ذریعے ذیلی فارمز مکمل کروا کے طالب علم کے اسکول میں اسکول نرس / طبی معاون کے پاس جمع کروانا ہوں گے۔

- دوائیاں دینے کا فارم (MAF) (دوائیاں دینے کے لیے) اور / یا
- طبی تجویز کردہ علاج فارم (غیر ادویاتی)۔

## سہولیات کس طرح سے تشکیل دی جاتی ہیں؟

504 ٹیم یہ فیصلہ کرتی ہے کہ کون سی سہولیات آپ کے بچے کی انفرادی ضروریات کی بہترین تکمیل کریں گی۔ ٹیم یہ زیر غور لاتی ہے کہ آپ کے بچے کی طبی حالت کی نوعیت کیا ہے اور یہ طالبِ علم کی شرکت کرنے کی اہلیت کو کس حد تک متاثر کرتی ہے۔ وہ ایسی سہولیات کا انتخاب کریں گے جو آپکے بچے کو اسکول میں حصہ لینے کا یکساں موقع دیں۔

طلباء کو **کم سے کم پابندی** والے ماحول میں ضروری سہولیات فراہم کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے ان ساتھیوں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ تعامل کر سکیں جن کو معذوری نہیں ہے۔ اس کا مطلب ہے ہر ایک 504 ٹیم تعلیمی وقت کے حرج کو اور کلاس ہمسروں سے علیحدہ ہونے کو محدود کرنے کے ہدف کے ساتھ انفرادی طالبِ علم کا 504 منصوبہ تشکیل دیتی ہیں۔

- مثال کے طور پر: ذیابیطس کا حامل طالب علم جو اسکول میں اپنی طبی حالت کا خود مختارانہ طور پر ابھی انتظام نہیں کر سکتا ہے اس کے لیے کلاس روم کے اندر یا اسکول کے دن کے دوران طالبِ علم جہاں پر بھی ہے، جیسے کہ جیمنیزیم یا راہداری میں، خون میں گلوکوز کی جانچ کرنے کے لیے ایک معاون پیشہ ور کا تقرر کیا جا سکتا ہے۔

ہر طالب علم کی سہولیات کے لیے کم سے کم پابندی کے ماحول کا تعین کرنے میں غور طلب عناصر میں شامل ہیں، مثلاً:

1) طالب علم کی صحت اور حفاظت (مثلاً، تربیت یافتہ عملے کی طالب علم کو منتقل کیے بغیر ہنگامی نوعیت کی دوا دینے کی اہلیت)
2) طالب علم کی ضروریات اور ترجیحات
3) والدین کی ترجیحات
4) کلاس روم یا تدریسی وقت چھوٹ جانے کو کم سے کم کرنا
5) ان ہمسروں سے دُور وقت گزارنے میں کمی جو معذوری کے حامل نہیں ہیں
6) طالب علم کی دیگر معذوریاں جن کے لیے سہولیات کی ضرورت ہوتی ہے

ذرائع، جیسے اسکول نرس کی دستیابی، ہر طالب علم کے کم سے کم پابندی کے ماحول میں سہولیات کا تعین کرنے کے لیے زیر غور لانا مناسب نہیں ہے۔ اس مقام کے بارے میں سوالات کے لیے، جہاں صحت کی خدمات فراہم کی جائیں گی، 504 رابطہ کار، اسکول نرس، اور 504 ٹیم کے دیگر اراکین ہر طالب علم کے لیے انفرادی تشخیص کریں گے۔

## ایک بار جب میرا بچہ اہل قرار دے دیا جائے گا تو کیا وہ ہمیشہ سہولیات کا اہل رہے گا؟

والدین کو سالانہ صحت کی خدمات کے لیے MAF اور/یا طبی طور پر تجویز کردہ علاج کا فارم **جمع کروانا ضروری** ہے۔ نئی یا ترمیم شدہ صحت کی خدمات یا دیگر سہولیات کے لیے بھی نئے **504 درخواست فارمز** کی ضرورت ہے، لیکن موجودہ سہولت کو جاری رکھنے کے لیے درکار نہیں ہیں۔

504 منصوبے کا جائزہ ہر تعلیمی سال کے اختتام سے قبل یا اگر ضروری ہو تو کئی بار کیا جانا لازمی ہے، اور اگر ضروری ہو تو جائزے کے وقت اس میں ترمیم کی جاتی ہے۔

اگر آپ کے بچے کا نقص اس کے اسکول میں حصہ لینے کو معقول حد تک محدود کرنا جاری رکھتا ہے تو آپ کا بچہ سہولیات کا اہل رہے گا۔504 ٹیم تعلیمی سال کے اختتام سے پہلے ملاقات کرے گی اور جس حد تک ممکن ہو، آنے والے تعلیمی سال کے لیے ایک نیا منصوبہ تشکیل دے گی۔

اگر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ آپ کے بچے کی معذوری زندگی کی اہم سرگرمی کو کرنے کی قابلیت کو اب کافی حد تک محدود نہیں کررہی ہے تو آپ کا بچہ سہولیات کا اہل نہیں رہے گا (504 منصوبہ ختم کر دیا جاتا ہے)۔

## میں کس نوعیت کی مراسلت موصول کروں گا؟

اسکول آپ کے ساتھ DOE سیکشن 504 کی پالیسیوں کے بارے میں رابطہ کریں گے۔ تمام اسکول سیکشن 504 کے تحت سالانہ غیر امتیازیت کا اطلاع نامہ چسپاں کرتے ہیں اور درخواست کرنے پر فراہم کرتے ہیں۔

اگر 504 ٹیم یہ فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کا بچہ 504 سہولیات کی اہلیت رکھتا ہے تو آپ کو ذیل موصول ہوں گے:

- **اہلیت کا اطلاع نامہ۔** اگر آپ اہلیت کے فیصلے سے متفق نہیں ہیں تو اپنے اسکول کے ڈائریکٹر صحت سے بات کریں۔ رابطے کی معلومات اسکول فراہم کرے گا یا اسے سیکشن 504 ویب صفحے پر تلاش کیا جا سکتا ہے۔ آپ ڈائریکٹر صحت کے فیصلے کو چیلنج کرنے کے لیے غیر جانبدارانہ سماعت کی درخواست بھی کر سکتے ہیں اور اس کے لیے تحریری درخواست کو فیصلہ موصول کرنے کے 10 دنوں کے اندر جمع کروانا لازمی ہے۔
- **504 منصوبہ۔** اگر یہ تعین کیا جاتا ہے کہ آپ کا بچہ سہولیات کے لیے اہل ہے تو 504 رابطہ کار 504 ٹیم کی آرا اور متعلقہ دستاویزات کی بنیاد پر 504 منصوبے کو مکمل کرتا ہے۔ کسی بھی 504 منصوبے کا اطلاق والدین کی تحریری رضامندی کے بغیر نہیں کیا جا سکتا ہے، جس کو عموماً 504 ٹیم کے اجلاس میں، جہاں منصوبہ مکمل کیا جاتا ہے، یا اس کے فوراً بعد فراہم کیا جاتا ہے۔
- **دوبارہ منظوری کی سالانہ اطلاع (والدین کا خط– 504 سہولیات کی دوبارہ منظوری )۔** یہ خط آپ کو وہ اقدامات بتائے گا جو آپ کو اگلے تعلیمی سال کے لیے اپنے بچے کی 504 سہولیات کی تجدید کروانے کے لیے لازمی کرنا ہوں گے۔

مزید معلومات کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-710 اور سیکشن 504 سہولیات کا ویب پیج ملاحظہ کریں۔

## کیا مجھے سیکشن 504 کارروائی کے دوران لسانی رسائی خدمات کا حق حاصل ہے؟

درخواست کرنے پر، جن والدین کی ترجیحی زبان انگریزی کے علاوہ ان نو سب سے زیادہ عام زبانوں میں سے ایک ہے جس کی نشان دہی DOE کے ذریعے نیو یارک شہر کے مکینوں کے ذریعے بولی جانے والی زبان ("جن زبانوں میں خدمات فراہم کی جاتی ہیں") کے طور پر کی گئی ہے تو ان کو 504 اجلاس میں ترجمانی، اور 504 منصوبوں اور اطلاع ناموں کے ترجمے حاصل کرنے کا حق ہے۔ آپ اپنے بچے کے اسکول کے 504 رابطہ کار سے بات کر کے لسانی رسائی کی خدمات کی درخواست کر سکتے ہیں۔

جن والدین کی ترجیحی زبان انگریزی کے علاوہ ہے یا جن زبانوں میں خدمات فراہم کی جاتی ہیں ان میں سے ایک ہے، تو یہ اسکول کے 504 رابطہ کار سے بات کر کے لسانی رسائی کی خدمات کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے لسانی رسائی کی خدمات کے متعلق کوئی خدشات ہیں تو براہ کرم محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ (schools.nyc.gov/connect-with-us) پر دیے گئے تعجیلی طریقۂ کار پر عمل کریں۔ اگر آپ کے خدشے کا حل اسکول یا ضلعی سطح پر نہیں کیا جا سکا تو آپ شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ شکایت کس طرح دائر کی جائے اس کی تفصیلات محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ (https://www.schools.nyc.gov/school-life/school-environment/get-help/parent-complaints-and-appeals) پر بیان کی گئی ہیں۔

## کیا آپ کے اضافی سوالات ہیں؟

- اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، یا اگر آپ کے اپنے بچے کی محکمۂ تعلیم کے یا غیر محکمۂ تعلیم کے غیر نصابی پروگرام تک رسائی کے بارے کوئی خدشات ہیں تو اپنے اسکول 504 رابطہ کار سے یا ڈائریکٹر صحت سے رابطہ کریں۔ محکمۂ تعلیم کے سیکشن 504 پروگرام منیجر سے ذیل پر بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے: 504Questions@schools.nyc.gov
- اوپر دیئے گئے محکمۂ تعلیم کے ویب پیجیز پر سہولیات کے بارے میں مزید جانیں۔

## فرہنگ الفاظ

ذیل میں تعریفوں کا مختصر خلاصہ ہے جو سیکشن 504 اور چانسلر کے ضابطے A-710 کے تحت معذوریوں کے حامل اہل طلباء کی سہولیات سے متعلق ہیں۔

**اہلیت کا حامل طالب علم:** ایک طالب علم (1) ایسی عمر کا جس میں بغیر معذوری کے حامل طلبا کو الیمنٹری اور ثانوی تعلیمی خدمات فراہم کی جاتی ہے؛ یا ایک ایسی عمر کا جس میں ریاستی قانون کے تحت یہ لازم ہے کہ معذوری کے حامل طلباء کو الیمنٹری اور ثانوی تعلیمی خدمات فراہم کی جائے؛ یا (2) ایک طالب علم جس کے لیے ریاست کو معذوری کے حامل افراد کے تعلیمی ایکٹ (IDEA) کے تحت بلامعاوضہ مناسب عوامی تعلیم (FAPE) فراہم کرنا لازمی ہے۔

**معذوری کا حامل طالبِ علم:** ایک ایسا فرد (a) جسے کوئی جسمانی یا ذہنی معذوری ہے؛ (b) جو زندگی کی کم از کم ایک اہم سرگرمی کو شدید محدود کرتی ہو۔ "معذوری" کی کئی تشریحات ہیں اور اس کا ہر طالب علم کے لیے انفرادی بنیاد پر تعین کیا جاتا ہے۔

**جسمانی یا ذہنی کمزوری:** کوئی بھی فعلیاتی کمزوری یا حالت، جسمانی بدشکلی، یا بنیادی اعضاء کی معذوری جس سے ذیل میں ایک یا زیادہ جسمانی نظام متاثر ہوتے ہوں: اعصابی؛ عُضلی استخوانی؛ خاص حسیاتی اعضاء؛ تنفس سے متعلق، بشمول گویائی کے اعضاء؛ قلب و شریان ؛ تولیدی؛ ہاضمہ، اعضا بول و تناسل؛ خون سے متعلق اور لمفی؛ جلد؛ اور غدود سے متعلق؛ یا کوئی بھی ذہنی یا نفسیاتی کمزوری۔

**زندگی کی اہم سرگرمیاں**: مثال کے طور پر:

- اپنی نگہداشت کرنا، اپنے ہاتھ سے کام کرنا، چلنا، دیکھنا، سننا، بولنا، سانس لینا، سیکھنا، توجہ مرکوز کرنا، سوچنا، اور کام کرنا؛ اور
- اہم جسمانی اعمال (جیسے مدافعتی نظام، عام سیل کی نشونما، اور ہاضمہ، آنتیں، مثانہ، اعصابی، دماغ، سانس کا نظام، خون کی گردش، اور غدودی افعال)۔

**شدید محدودیت:** محدودیت کی درجہ بندی کا فیصلہ انفرادی بنیاد پر کیا جاتا ہے، اور اس کی تشریح تخفیفی اقدامات کے تدارکی اثرات سے قطع نظر کی جاتی ہے (جیسے ادویات، مصنوعی آلات، معاونتی آلات )، عام چشموں یا کانٹیکٹ لینس کے علاوہ۔ ایک نُقص کو شدید محدودیت کے طور پر زیر غور لانے کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ زندگی کی اہم سرگرمی سے روکے یا اسے شدید محدود کرے۔
**پروگرام یا سرگرمی:** محکمۂ تعلیم (DOE)کا کفالت کردہ کوئی بھی پروگرام یا سرگرمی، بشمول محکمۂ تعلیم کی عمارت کے اندر بعد از اسکول پروگرامز یا غیر نصابی سرگرمیاں جو انجمنِ والدین (PA) / والدین اساتذہ کی انجمن (PTA) یا DYCD COMPASS یا SONYC کے کفالت کردہ ہیں۔